مؤسسة التنمية الأسرية

گائیڈ دستی



# سپلائرز ڈائرکٹری
# سپلائر ہیپینیس ریکارڈ
# محکمہ پروکیورمنٹ اور لاجسٹک سپورٹ

# ادارہ کا مختصر تعارف

خاندانی ترقیاتی فاؤنڈیشن دیگر تمام سماجی اداروں کے ساتھ متعاون ہو کر خاندانی ہم آہنگی کو گہرا کرنے، قومی شناخت کے تحفظ اور جامع سماجی ترقی کے عمل میں کنبہ کے کردار کو بڑھانے کے لیے سماجی اور مذہبی اقدار کی جڑ کو مضبوط کرنے پر کام کرتا ہے۔ یہی نہیں بلکہ بہت ساری سماجی اور معاشرتی خدمات کو فراہم کرنے کے ساتھ اماراتی سماج میں کنبہ کے کردار کو بھی منظر عام پر لانے میں کوشاں رہتا ہے۔



# ڈائریکٹری کے مشمولات


| | |
|---|---|
| تمہید | 04 |
| خاندانی ترقیاتی فاؤنڈیشن کا وژن،<br>مشن اور ادارہ جاتی اقدار | 05 |
| حصولیابی اور لاجسٹکس مینجمنٹ کے طریقہ کار | 07 |
| بڑے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری<br>اداروں کے لیے معاشی مراعات | 17 |
| ابوظہبی مقامی مواد کا پروگرام | 18 |
| سپلائر کا ضابطہ اخلاق | 19 |
| سپلائر / ٹھیکیداروں کی سماجی ذمہ داری | 20 |
| کاروبار کا تسلسل | 21 |
| نئی مصنوعات کی تشہیر اور فروغ دینا۔ | 22 |
| رابطے کے لئے تفصیلات | 23 |
| ادارہ کا جائے مقام | 24 |




## تمہید

خاندانی ترقیاتی فاؤنڈیشن کے محکمہ پروکیورمنٹ اور لاجسٹک سپورٹ نے سپلائرز ڈائرکٹری کو تیار کرنے کا آغاز کیا ہے، جس کا مقصد پروکیورمنٹ کے نظام کو ترقی دینا اور قوانین، اور لوائح وضوابط کے اندر ادارہ جاتی خدمات کی فراہمی کے معیار کو بلند کرنا ہے، تاکہ صارفین رضامند اور مطمئن رہیں، اور اسی کے ساتھ عمدگی اور تخلیقی صلاحیتوں کی اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھا جاسکے۔

جہاں کہ خاندانی ترقیاتی فاؤنڈیشن تمام کمپنیوں اور اداروں کو ان کے پراجیکٹس، سروسز اور مواد کے معیار کو یقینی بنانے کے لیے اہمیت کا مقام دیتی ہے، جس میں مختلف پروکیورمنٹ کیٹیگریز کے ساتھ متنوع سالانہ ٹینڈرز کا ایک سیٹ طلب کیا جاتا ہے، اور یہ عمل اس کے اپنے اہداف اور اسٹریٹجک مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے پیشہ ورانہ، شفاف، قابل اعتبار اور مساوی مواقع کے ذریعے اپنے کاروبار اور پروکیورمنٹ کے عمل کے ذریعے انجام دیا جاتا ہے۔



# فیملی ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کا وژن، مشن اور ادارہ جاتی اقدار

## ہمارا وژن

ایک باشعور کنبہ اور ہم آہنگ ومربوط معاشرے کو تشکیل دینے کے لیے پائیدار سماجی ترقی عطا کرنا۔

## ہمارا پیغام

پائیدار سماجی ترقی میں اضافہ کرنا اور باہمی ادارہ جاتی سرگرمی میں اعلیٰ کارکردگی کے ساتھ خاندان اور کمیونٹی کی فلاح و بہبود کے حصول میں قابل اعتبار اور مہذب شراکت داری کا رول ادا کرنا۔

## ہمارے اقدار

- لیڈر شپ:
پہل کرتے ہوئے اضافی قدر پیدا کرنے اور کارکردگی کے میدان میں سبقت حاصل کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا اور ایسے کام کو انجام دینے کی اہلیت ہو جو صارفین کی ضروریات کو پوری کرے اور دستیاب وسائل کا زیادہ سے زیادہ اور بہترین استعمال ہو۔

- رابطے:
ادارہ اپنے مقاصد کے حصول کے لیے کمیونیکیشن اور مثبت نیز نتیجہ خیز اندرونی اور بیرونی رابطے کی پالیسی اپناتا ہے۔

- ہم آہنگی:
خاندانی استحکام اور سماجی ہم آہنگی حاصل کرنے کے لیے خاندانی ترقیاتی فاؤنڈیشن کی مشترکہ کوششیں سامنے لانا۔

# فیملی ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کا وژن، مشن اور ادارہ جاتی اقدار

## ہمارے اقدار

انصاف کا اصول:
سماج میں رہنے والے تمام افراد کے درمیان ان کے حقوق اور ڈیوٹیوں میں انصاف کا مادہ پایا جانا، قانونی اور سماجی مساوات، اور فرد کا اس کے قول و فعل میں اس طرح احترام کرنا جو افراد اور معاشرے کو نفسیاتی اور سماجی استحکام کی طرف لے جائے۔

ٹیم ورک:
انسانی وسائل کے لیے ایک خاندان کے طور پر ایک مقصد ، ایک نتیجہ ، اور سب کے لیے قابل فہم کام کا متفق نظام کے ساتھ مربوط ورک کلچر کو فروغ دینا۔

عزت واحترام:
اس میں تمام اندرونی اور بیرونی صارفین شامل ہیں ، تاکہ ادارے میں آنے والا یا اس کے ساتھ کام کرنے والا ہر کوئی ایک دوسرے کے لیے احترام کا احساس کر سکے۔

شفافیت اور سچائی:
اندرونی اور بیرونی صارفین کے ساتھ لین دین کے دوران ایمانداری اور مساوات کا برتاؤ باقی رکھنا اور تمام پیشہ ورانہ اور اخلاقی معاملات میں دیگر تمام فریقین میں اعتماد کی صفت پیدا کرنا۔

بااختیار اور خود کفیل بنانا:
ہم اپنے ملازمین کی پوشیدہ صلاحیتوں اور تخلیقی مہارتوں پر پورا بھروسہ رکھتے ہیں ، اسی لئے انہیں کاروبار اور پروجیکٹس کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ضروری ٹولز، تعلیم، ٹریننگ فراہم کیے جاتے ہیں ، ان کی رہنمائی کی جاتی ہے اور انہیں خود کفیل بنایا جاتا ہے ، تاکہ صارفین کی ضروریات پوری ہوں اور کام کی کارکردگی اور پروڈکٹیویتی صلاحیت میں اضافہ ہو۔

## محکمہ پروکیورمنٹ اور لاجسٹک سپورٹ

اس محکمہ کو خاندانی ترقیاتی فاؤنڈیشن میں اہم تنظیمی اکائیوں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے ، کیونکہ اسے ٹینڈرز اور نیلامی کے ذریعے اس کے مواد اور خدمات کے لحاظ سے ادارے کے تمام شعبوں اور محکموں کی ضروریات کو پورا کرنے کا کام سونپا جاتا ہے۔ اسی طرح اسے بیرونی پارٹیوں کے ساتھ معاہدہ ناموں میں ادارے کا بنیادی انٹرفیس بھی ہے تاکہ کم وقت میں تیزی کے ساتھ اعلیٰ معیار اور پیداواری صلاحیت کے ساتھ اپنی خدمات کی فراہمی کے تسلسل کو یقینی بنایا جا سکے، جو کارکردگی اور پیداواری صلاحیت کو بڑھانے اور اخراجات کو کم کرنے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔



**اس ڈائیریکٹری کو ان سپلائرز کے لیے ایک گائیڈ کے طور پر تیار کیا گیا ہے جو خاندانی ترقیاتی فاؤنڈیشن کے ساتھ ٹینڈر اور خریداری میں حصہ لینے کے لیے ادارے میں اپنائے جانے والے تمام طریقہ کار کے حوالے سے معاملہ کرنا چاہتے ہیں۔**

# محکمہ پروکیورمنٹ اور لاجسٹک سپورٹ کا تنظیمی ڈھانچہ

## پرچیزنگ اینڈ لاجسٹک ڈیپارٹمنٹ کا تنظیمی ڈھانچہ



## حصولیابی اور لاجسٹکس مینجمنٹ کے طریقہ کار

**محکمہ پروکیورمنٹ اور لاجسٹکس سپورٹ کے تحت ٹینڈر میں حصہ لینے کا سفر کئی مراحل پر مشتمل ہوتا ہے، اور یہ درج ذیل ہیں:**

**پہلا مرحلہ: SAP اریبا سسٹم کے لیے ریاست ابوظہبی حکومت میں ایک نئے سپلائر کے طور پر رجسٹریشن**

**ابوظہبی حکومت میں ایک سپلائر کے طور پر SAP اریبا سسٹم میں رجسٹریشن کے ذریعے، ریاست ابوظہبی سے وابستہ تمام سرکاری اداروں سے نمٹنے کا پہلا مرحلہ شمار ہوتا ہے۔ اس کے بعد دوسرا مرحلہ یہ ہے کہ ریاست ابوظہبی کے ریسورس مینجمنٹ سسٹم میں خاندانی ترقیاتی فاؤنڈیشن کے ساتھ محکمہ گورنمنٹل سپورٹ کے تعاون سے رجسٹریشن کروائی جائے۔ فاؤنڈیشن میں رجسٹریشن صرف ان کمپنیوں تک محدود ہے جن کا تجارتی لائسنس ریاست ابوظہبی میں درج ذیل مراحل کے ذریعہ محکمہ اقتصادی ترقی کی طرف سے جاری کیا گیا ہے:**

01 سپلائر / ٹھیکیدار خاندانی ترقیاتی فاؤنڈیشن کی ویب سائٹ www.fdf.gov.ae میں داخل ہوگا۔

02 سپلائر ٹینڈرز اور نیلامی کے سیکشن میں داخل ہوگا اور سپلائرز ہیپینیس پر کلک کرے گا۔

03 سپلائر / ٹھیکیدار SAP اریبا سسٹم کے ذریعے ریاست ابوظہبی میں رجسٹریشن کے مراحل جاننے اور سپلائر رجسٹریشن گائیڈ حاصل کرنے پر کلک کرے گا۔

04 ڈائریکٹری کو ڈاؤن لوڈ کرنے کے بعد، سپلائر / ٹھیکیدار "ریاست ابو ظہبی میں ایک جدید سپلائر کے طور پر رجسٹر کریں"وہ اس پر کلک کرے گا اور ابوظہبی سسٹم کے گورنمنٹ ریسورسز مینجمنٹ میں رجسٹر کرنے سے پہلے بطور پہلا مرحلہ SAP اریبا سسٹم میں رجسٹر کرنے کے لیے آپ کو ریاست ابوظہبی گورنمنٹ پروکیورمنٹ کے صفحہ میں منتقل کر دے گا۔

## پہلا مرحلہ
## ایک جدید سپلائر کے طور پر SAP Ariba سسٹم کے لیے ابوظہبی حکومت میں رجسٹریشن کو ایک سپلائر کے طور پر رجسٹریشن سمجھا جاتا ہے۔

**05** ابوظہبی گورنمنٹ پروکیورمنٹ ویب سائٹ میں داخل ہونے کے بعد، درج ذیل دستاویزات طلب کی جائیں گی:

- **کمرشیل / صنعتی / تجارتی لائسنس**
- **ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (یا ایک ایسی رپورٹ جس میں کہا گیا ہو کہ ٹیکس رجسٹریشن کمپنی کے منظور کردہ خط میں شامل نہیں ہے)۔**
- **کمپنی کی جانب سے بطور نیابت رجسٹریشن کی معلومات فراہم کرنے کے لیے کمپنی لیٹر ہیڈ پر کسی مجاز شخص کے لئے پرمٹ حاصل کرنا۔**
- **کمپنی کے بنک اکاؤنٹ کا تصدیقی اسٹیٹمنٹ۔**

**06** دستاویزات تیار کرنے کے بعد، ریاست ابوظہبی میں محکمہ اقتصادی ترقی کے تحت لائسنس یافتہ سپلائرز پر کلک کریں۔ پھر آپ کے سامنے SAP اریبا سسٹم کا صفحہ ظاہر ہوگا تاکہ رجسٹریشن کے لئے درخواست جمع کرانے کی کارروائی شروع کی جا سکے اور SAP اریبا سسٹم میں رجسٹریشن کی منظوری حاصل کرنے کے لیے اسے گورنمنٹ سپورٹ اتھارٹی کے متعلقہ محکمے میں جمع کرایا جا سکے۔

**07** رجسٹریشن کی درخواست جمع کرانے کی کارروائی مکمل ہونے پر، گورنمنٹ سپورٹ اتھارٹی کا متعلقہ محکمہ رجسٹریشن کی درخواست کا جائزہ لے گا اور اسے منظوری دے گا یا پھر آپ کو مزید کسی کارروائی کے بارے میں مطلع کرے گا۔

**08** سپلائر کے رجسٹریشن کی درخواست منظور ہونے کے معا بعد، SAP اریبا سسٹم سپلائر کے رابطہ کوSAP اریبا نیٹ ورک میں اندراج کرنے کے لیے ایک آٹومیٹک دعوت نامہ ارسال کرے گا، جو ایک سوالنامہ کی شکل کا ہوگا، اسے سپلائر / ٹھیکیدار کے ذریعے پُر کیا جائے گا اور گورنمنٹ سپورٹ اتھارٹی کے متعلقہ محکمہ میں جمع کرایا جائے گا۔

**09** سپلائر جیوں ہی سپلائر رجسٹریشن کے سوالنامے کو مکمل کرے گا ، تو گورنمنٹ سپورٹ اتھارٹی کا متعلقہ شعبہ سپلائر کے رجسٹریشن کی کارروائی کو چیک کرنا شروع کرے گا اور پھر اسے منظوری دیدی جائے گی ، اور اس طرح SAP اریبا سسٹم میں سپلائر / ٹھیکیدار کے رجسٹریشن کی کارروائی مکمل ہوگی۔

## پہلا مرحلہ
## ابوظہبی گورنمنٹ ریسورس مینجمنٹ (ERP) سسٹم میں رجسٹریشن

**01** سپلائر / ٹھیکیدار کو ابوظہبی گورنمنٹ ریسورسز مینجمنٹ سسٹم میں رجسٹریشن، ہمیں ضروری مواد اور سروسز فراہم کرنے کے لیے ادارے کے ڈیٹا بیس میں شامل کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ ادارے میں رجسٹریشن ان کمپنیوں تک محدود ہے جن کا تجارتی لائسنس ابوظہبی ریاست میں اقتصادی ترقی کے محکمے نے جاری کیا ہے اور SAP ARABI سسٹم میں رجسٹرڈ ہے۔

**02** SAP ARABI سسٹم میں رجسٹریشن مکمل ہونے پر، سپلائرز ہیپی نیس رجسٹر سے ای میل: Suppliershappiness@fdf.gov.ae کے ذریعے رابطہ کیا جائے گا، اور اسے SAP ARABI سسٹم میں رجسٹریشن کے طریقہ کار کی تکمیل اور فیملی ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن میں رجسٹر کرنے کی خواہش کے بارے میں مطلع کنا ہوگا۔

**03** ادارے کے ساتھ رجسٹر ہوتے وقت درج ذیل دستاویزات فراہم کرنا ضروری ہے:

ریاست ابوظہبی کی طرف سے جاری کردہ کمرشیل / صنعتی / تجارتی لائسنس۔
ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (یا کمپنی کی جانب سے جاری شدہ ایک مصدقہ لیٹر کے ساتھ ایک ایسی رپورٹ شامل کریں، جس میں کہا گیا ہو کہ ٹیکس رجسٹرڈ نہیں ہے)
کمپنی کی جانب سے رجسٹریشن کی معلومات فراہم کرنے کے لیے مجاز شخص کے کمپنی لیٹر ہیڈ پر اجازت نامہ۔
کمپنی کے بینک اکاؤنٹ کا ایک مصدقہ لیٹر۔

**04** ادارے میں فراہم متعلقہ ملازم سپلائر / ٹھیکیدار کے ذریعہ جمع کردہ کمپنی کے تمام ڈیٹا اور دستاویزات کی تصدیق کرے گا، اور اپنی طرف سے تصدیق کرنے کے بعد، ادارے میں نامزد ملازم سپلائر / ٹھیکیدار کے لیے رجسٹریشن اور اہلیت کا فارم بھرنے کے لیے ای میل ارسال کرے گا۔

**05** رجسٹریشن فارم کو پر کرنے کے بعد، رجسٹریشن کے لئے کارروائی ، گورنمنٹ سپورٹ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ مل کر شروع کی جائے گی، اس کے بعد سپلائر کو سسٹم میں رجسٹریشن ختم ہونے کی اطلاع دی جائے گی اور اسے سپلائرز ہیپی نیس رجسٹر میں یڈ کر دیا جائے گا۔

## ریاست ابوظہبی کے انٹرپرائز وسائل کی منصوبہ بندی (ERP) کے تحت گورنمنٹ ریسورسز مینجمنٹ سسٹم میں رجسٹریشن

**01** ریاست ابوظہبی گورنمنٹ ریسورسز مینجمنٹ سسٹم میں سپلائر / ٹھیکیدار کے رجسٹریشن سے انہیں ادارے کے ڈیٹا بیس میں شامل کرنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے ، تاکہ ہمیں ضروری مواد اور خدمات فراہم کی جا سکیں۔ ادارے میں رجسٹریشن کی یہ سہولت فقط ان کمپنیوں تک محدود ہے جن کا تجارتی لائسنس ریاست ابوظہبی کے محکمہ اقتصادی ترقی کے تحت جاری کیا گیا ہے ، نیز وہ SAP اریبا سسٹم میں رجسٹرڈ ہے۔

**02** SAP اریبا سسٹم میں رجسٹریشن کی کارروائی مکمل ہونے پر، سپلائرز ہیپی نیس رجسٹری سے بذریعہ ای میل Suppliershappiness@fdf.gov.ae رابطہ کیا جائے گا اورSAP اریبا سسٹم کے رجسٹریشن کی کارروائی کے مکمل ہونے اور خاندانی ترقیاتی فاؤنڈیشن میں رجسٹر کرنے کے ارادہ سے متعلق آگاہ کیا جائے گا۔

**03** ادارے کے ساتھ رجسٹریشن کی کارروائی مکمل کرتے وقت درج ذیل دستاویزات فراہم کرنا لازمی ہے۔

- ریاست ابوظہبی کی طرف سے جاری کردہ تجارتی / صنعتی / تجارتی لائسنس
- ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ (یا ایک ایسی رپورٹ جس میں کہا گیا ہو کہ ٹیکس رجسٹریشن کمپنی کے منظور کردہ خط میں شامل نہیں ہے)۔
- کمپنی کی جانب سے بطور نیابت رجسٹریشن کی معلومات فراہم کرنے کے لیے کمپنی لیٹر ہیڈ پر کسی مجاز شخص کے لئے پرمٹ حاصل کرنا۔
- ایسوسی ایشن / پارٹنرشپ کا معاہدہ نامہ
- کمپنی کے بنک اکاؤنٹ کا تصدیقی اسٹیٹمنٹ۔

**04** ادارے میں متعلقہ مامور ملازم سپلائر / ٹھیکیدار کے ذریعہ جمع کرائے گئے کمپنی کے تمام ڈیٹا اور دستاویزات کا جائزہ لے گا اور ان کی تصدیق کرے گا ، پھر ادارے میں مامور ملازم سپلائر / ٹھیکیدار کے نام رجسٹریشن اور اہلیت کا فارم پُر کرنے کے لیے ایک ای میل ارسال کرے گا۔

**05** رجسٹریشن فارم کو پر کرنے کے بعد، گورنمنٹ سپورٹ اتھارٹی کے تعاون سے رجسٹریشن کی کارروائی شروع کیا جائے گا۔ سپلائر کو سسٹم میں رجسٹریشن کی کارروائی مکمل ہونے کی اطلاع دی جائے گی اور اسے ہیپی نیس رجسٹری میں شامل کیا جائے گا۔

## دوسرا مرحلہ
## ٹینڈر کا اعلان کرنا اور آرڈر اور ایوارڈ کے لئے بولی جمع کروانا

**01** ٹینڈرز کا اعلان
ریاست ابوظہبی کی گورنمنٹ ریسورس مینجمنٹ سسٹم میں خاندانی ترقیاتی فاؤنڈیشن ٹینڈر جاری کرے گی ، اور ٹینڈرز کا اعلان درج ذیل طریقے سے کیا جائے گا:

- ادارے کی خارجی ویب سائٹ : www. fdf.gov.ae
- سوشل میڈیا یہ ہے : fdfuae
- Emirates Tender : www.EmiratesTenders.com

**02** آرڈر اور ایوارڈ کے لئے بولی جمع کروانا

**03** سپلائر / ٹھیکیدار ادارہ کی ویب سائٹ www.fdf.gov.ae میں داخل ہوگا اور ٹینڈرز اور نیلامی کے سیکشن کا انتخاب کرے گا اور ٹینڈرز اور نیلامیوں پر ریاست ابوظہبی کے شعبہ مالیات کے تحت گورنمنٹ ریسورس اتھارٹی کی ویب سائٹ کے صفحہ میں داخل ہونے کے لیے سپلائرز ہیپی نیس پر کلک کرے گا۔

**04** اس کے لیے مقرر کردہ خانہ میں ٹینڈر نمبر تلاش کرنا ، اور پھر جب یہ ظاہر ہو ، تو ٹینڈر میں حصہ لینے کا انتخاب کریں۔ ٹینڈر کے تمام اجزاء کو ان شرائط میں دیکھا جانا چاہیے کہ:

- پہلا صفحہ، جس میں معیاری ماڈلز، ٹینڈر کی عام شرائط، مواصلاتی ڈیٹا، اختتامی تاریخ اور دستاویزات کا شامل ہونا مشروط ہوگا ، جہاں کہ ٹینڈر لائنز استعمال کی جاتی ہیں، جس میں کچھ ایسے الیکٹرانک پوائنٹس ہوں گی جن میں حصہ لینے والے کی طرف سے قیمتیں درج ہوتی ہیں۔
- اس کے زمرے میں مطلوبہ دستاویزات کے اندراج کو مندرجہ ذیل طور پر مدنظر رکھنا ضروری ہوگا: جو پوائنٹ تکنیکی ٹینڈر سے متعلق ہو اسے تکنیکی زمرے میں ہی رکھیں - اور جو مالیاتی ٹینڈر سے متعلق ہو اسے مالیاتی زمرے میں ہی رکھیں ، ٹینڈر (آن لائن ڈسکشن) میں الیکٹرانک چیٹ فیچر کے ذریعے ادارے کے ساتھ رابطہ کرنے اور استفسار کرنے کے لیے امکان باقی ہوگا۔

## تیسرا مرحلہ
## ایوارڈ دینا

**01** الیکٹرانک سسٹم کے ذریعے جیتنے والے سپلائر کو ایک ایوارڈ لیٹر ارسال کیا جائے گا اور دیگر سپلائیرز / ٹھیکیداروں کو ٹینڈر میں حصہ لینے اور انہیں شکریہ کے ساتھ یہ بتانے کے لیے ایک خط بھیجا جائے گا کہ بولی تمام سپلائرز / ٹھیکیداروں میں سے کسی ایک کو دی گئی ہے۔

**02** ادارہ اور سپلائر کے ذریعے معاہدہ نامہ تیار کیا جائے گا، اور اس کا جائزہ لیا جائے گا، جہاں معاہدہ نامہ کی اصل کاپی کمپنی کو فراہم کی جائے گی اور ایک اصل کاپی ادارے میں رکھی جائے گی۔



## چھٹا مرحلہ
## سپلائر / ٹھیکیدار کی کارکردگی کا جائزہ

**01** معاہدہ نامے اور ورک آرڈرز کے لیے کمپنیوں / اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا۔ معاہدہ ناموں کا سال میں دو بار جائزہ لیا جائے گا۔ لیکن ورک آرڈرز کا کئی معیارات کے مطابق سامان سپلائی کے عمل کی تکمیل کے بعد جانچ کی جائے گی ، مثال کے طور پر:

- معاہدہ نامے / ورک آرڈرز / اسائنمنٹ آرڈر میں بیان کردہ ٹائم فریم کے مطابق تمام خدمات / سپلائیز مکمل ہونے کی تحدید۔
- پیشہ ورانہ انداز کی تحدید اور معاہدہ نامے کی شرائط کے مطابق اور عام طور پر تکنیکی وضاحتوں اور سامان / سروسز کے معیار کے مطابق۔
- کنٹریکٹ ایڈمنسٹریشن آفیسر کے ساتھ موثر رابطے اور ہدایات / تنبیہات / استفسار کا فوری جواب دینا۔
- پبلک اور پرائیویٹ قوانین اور ضوابط، سیکورٹی اور حفاظتی معیارات، کاروبار کو جاری رکھنے اور خطرے کے پلاننگ کی تعمیل ۔
- معاہدہ نامہ کی ضمانتیں اور ٹھیکیدار / سپلائر کو بنک گارنٹی بروقت فراہم کیا جانا۔
- اختراعی آئیڈیاز اور کارکردگی میں جدت طرازی



**سپلائر کی کارکردگی اور درجہ بندی والے پوائنٹس حاصل کرنے کی بنیاد پر، محدود ٹینڈرز کی پیشکش کرتے وقت اور براہ راست آرڈر کے ذریعے معاہدہ کرنے کے ساتھ ساتھ اسے قابل اہم، اسٹریٹجک، فعال یا آپریشنل سپلائرز میں درجہ بندی کرتے وقت ترجیح دی جائے گی۔**

## پانچواں مرحلہ
## معاہدہ ناموں، دعووں اور شکایات کی شرائط میں تبدیلی

01 کسی بھی تبدیلی یا دعوے کی صورت میں، سپلائر / کنٹریکٹ کرنے والے ٹھیکیدار کو کنٹریکٹ کی شرائط کے مطابق انہیں اس سے متعلق اپنی درخواست پیش کرنا ہوگا ، جہاں کہ معاملہ کا جائزہ لیا جائے گا اور معاہدہ نامہ کے مطابق جواب دیا جائے گا۔

02 اگر سپلائر / ٹھیکیدار کے ساتھ کوئی تصفیہ ہو جا تا ہے ، تو دعویٰ ختم کر دیا جائے گا، بصورت دیگر اس معاملے پر فیصلہ کرنے کے لیے معاملہ کو اعلیٰ انتظامیہ کے سامنے پیش کیا جائے گا۔



# بڑے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لیے معاشی مراعات

**گورنمنٹ سپورٹ ڈیپارٹمنٹ نے بڑے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (MSMEs) کے لیے سرکاری پروکیورمنٹ میں درج ذیل معاشی مراعات دینے کا اعلان کیا ہے:**

- تمام سرکاری ایجنسیاں / گورنمنٹ پروکیورمنٹ آفس اپنی سالانہ خریداریوں اور معاہدوں کا ۱۰٪ بڑے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (MSMEs) کو مختص کی ہیں۔
- تمام بڑے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (MSMEs) کو بولی کی بینک گارنٹی جمع کرانے سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔
- تمام بڑے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (MSMEs) کو حسن کارکردگی کی گارنٹی رقم فراہم کرنے سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے، بشرطیکہ سرکاری ایجنسیاں آخری ڈیلیوری کے بعد ۳ ماہ کی مدت کے لیے ہر انوائس کی قیمت کا ۵٪ حصہ برقرار رکھیں گی۔
- تمام بڑے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (MSMEs) کو تمام واجب الادا رقم انوائس کی تاریخ کے ۱۵ دنوں کے اندر ادا کرنا لازمی ہوگا۔
- کمپنیوں / اداروں کو اس زمرے کے فائدے کے لیے معاون دستاویزات جمع کرانی ہوں گی جس میں وہ شامل ہیں (بڑے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے (MSMEs)

# ابوظہبی مقامی مواد پروگرام

برنامج أبوظبي للمحتوى المحلي
Abu Dhabi Local Content Program

ابوظہبی ڈیپارٹمنٹ آف اکنامک ڈیولپمنٹ کی طرف سے جاری کردہ حکومتی ہدایات اور سرکلرز کی تعمیل میں خاندانی ترقیاتی فاؤنڈیشن مقامی مواد کے پروگرام کو لاگو کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ اس لیے جن کمپنیوں کے پاس ICV سرٹیفیکیشن ہے ان کو ادارہ جاتی ٹینڈرز کو بولی دیتے وقت ترجیح دی جائے گی۔

# سپلائر کا ضابطہ اخلاق

خاندانی ترقیاتی فاؤنڈیشن نے سپلائیروں کے لیے ایک ضابطہ اخلاق تیار کیا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ ادارے کے ساتھ اپنی سرگرمیوں اور آپریشنز کے نفاذ کے دوران بہترین اخلاقی اور پیشہ ورانہ طریقوں کو تطبیق دیتے ہیں، اور جس سے مستقبل کے اسٹریٹجک تعلقات کی تعمیر میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہم اپنے سپلائرز اور ٹھیکیداروں کے کاروباری طرز عمل کے اعلیٰ ترین معیارات اور تمام قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کی تعمیل کی توقع کرتے ہیں۔ کیوں کہ معاہدہ نامہ کے حقوق اس کی دفعات اور بنود کے تابع ہیں، ضابطہ اخلاق کا مقصد ان شرائط و ضوابط میں ترمیم کرنا نہیں ہے۔



## سپلائر / ٹھیکیداروں کی سماجی ذمہ داری

سماجی ذمہ داری فاؤنڈیشن کے کام کی اہم ترجیحات میں سے ایک ہے۔ یہ کمپنیوں یا اداروں کی طرف سے پروجیکٹس، سماجی پروگراموں، ماڈلز یا نقدی امداد کے نفاذ کے ذریعے معاشرہ کی ترقی کے لیے ایک رضاکارانہ شراکت ہے۔ اس کا مقصد کنٹریکٹ مینجمنٹ حکام یا پروکیورمنٹ اینڈ لاجسٹک سپورٹ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ ہم آہنگی کے ذریعے سماجی بیداری کو بڑھانا، پائیدار شراکت داری کے کردار کو فعال کرنا، اور سماجی ترقی کے منصوبوں اور پروگراموں میں براہ راست تعاون پیش کرنا ہے۔



## کاروبار کا تسلسل

خاندانی ترقیاتی فاؤنڈیشن کے ترجیحات میں ایک اہم ترجیح کاروبار کے تسلسل کے اصول کو برقرار رکھنا ہے۔ جہاں ادارہ اور سپلائرز کے درمیان مسلسل ہم آہنگی اور منصوبہ بندی کاروبار کے تسلسل کے آپریشنز اور اس کے منصوبوں کی تعمیر کے لیے بنیادی ترجیح ہے، جیسا کہ متحدہ عرب امارات میں قومی اتھارٹی برائے ایمرجنسی، کرائسز اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے فیصلے "کاروباری تسلسل کے انتظام کے لیے معیاری اور رہنما خطوط 2015-7000 AE/HSCINCEMA، پہلا ورژن اور اس کی تمام ترامیم، میں کہا گیا ہے۔ جہاں یہ ضروری ہے کہ ادارے میں کنٹریکٹ مینجمنٹ حکام کے ذریعے ہم آہنگی پیدا کی جائے، کاروبار کے تسلسل کے حوالے سے اور ادارے کی طرف سے جاری کردہ کسی بھی فیصلوں کی پابندی کی جائے اور دونوں پارٹیوں کے درمیان طے پانے والے معاہدہ ناموں کے محور میں مطلوبہ مدد اور تعاون فراہم کیا جائے۔



## نئی مصنوعات کی تشہیر اور فروغ دینا

کسی نئی مصنوعات یا سروس کو فروغ دینے کے لیے، سپلائر کو پروڈکٹ یا سروس کے لیے تمام جامع شناختی معلومات منسلک کرنی ہوں گی اور پروکیورمنٹ اینڈ لاجسٹک سپورٹ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ ای میل

Suppliershappiness@fdf.gov.ae

کے ذریعے رابطہ کرنا ہوگا، جسے اس کی ضرورت کا مطالعہ کرنے کے لیے متعلقہ محکمہ کے حوالے دیا جائے گا۔



## رابطے کے لئے تفصیلات

**فاؤنڈیشن کی ویب سائٹ**

**www.fdf.gov.ae**

**کے ذریعے آپ کی رائے اور تجاویز یا کسی بھی شکایت کو پیش کرنے پر ہمیں مسرت حاصل ہوگی۔ آپ درج ذیل پتہ کے ذریعے سپلائرز ہیپی نیس رجسٹر سے رابطہ کر سکتے ہیں:**

**فون: 024090198**

**ای میل:**

**Suppliershappiness@fdf.gov.ae**



# اداره کا جائے مقام




